باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | جمعۃ المبارک 19 ذوالحجہ 1447ھ 05 جون 2026ء | شمارہ: 126
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اے محمد اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

مہنگائی کا نیا بم حکومت نے عوام پر بجلی گرادی اضافی چارجز کی وصولیاں

(نیپرا) نے اپریل 2026 کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافہ کا فیصلہ کیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔ نیپرا سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی صارفین سے فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافی وصول کرنے کا فیصلہ کیا گیا

انکریمنٹل کنزمپشن پیکیج کے تحت استعمال شدہ یونٹس پر بھی فیول ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگا اور اپریل کے استعمال شدہ یونٹس کی بنیاد پر اضافی رقم وصول کی جائے گی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافہ چارجز کی وصولی رواں ماہ کی جائے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے اپریل 2026 کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافہ کا فیصلہ کیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔ نیپرا سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی صارفین سے فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافی وصول کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اپریل 2026 کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ جون 2026 کے بلوں میں وصول کی جائے گی، نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ بجلی کی قیمت میں ہونے والا یہ اضافہ کے-الیکٹرک اور سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

گورنر اور وزیر اعلیٰ سندھ اطالوی قومی دن کی تقریب میں مہمان خصوصی بن گئے

قونصل جنرل فابریزیو بیلی اور سفارتی عملے نے پرتپاک خیر مقدم کیا، ڈی جی عرفان سومرو بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کی اطالوی قومی دن کی تقریب میں بحیثیتِ مہمانِ خصوصی شرکت۔ اطالوی قونصل جنرل فابریزیو بیلی اور سفارتی عملے نے گورنر سندھ کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ گورنر سندھ نے اٹلی کے قومی دن کے موقع پر اطالوی حکومت، قونصلیٹ اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تعلقات باہمی احترام، دیرینہ دوستی اور مؤثر تعاون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

سونے کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت میں اضافہ، چاندی سستی ہوگئی

بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں 14 ڈالر فی اونس کا اضافہ ہوگیا

کراچی (این این آئی) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت میں اضافہ ہوگیا، جبکہ چاندی کے نرخ کم ہوگئے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعرات کے روز فی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی، شاہراہ فیصل میں تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے چوتھی جماعت کا طالب علم جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شاہراہ فیصل پر کراچی پولیس آفس کے قریب ٹریفک حادثے میں چوتھی جماعت کا طالب علم 12 سالہ بچے کی ہلاکت کا افسوسناک واقعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کراچی، شہر میں خودکشی کے واقعات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے دو الگ الگ واقعات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے جن میں ایک شخص نے مبینہ طور پر پھندا لگا کر جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سگ گزیدگی سے 11 اموات سندھ حکومت کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت: رضوان نیازی

کراچی میں آوارہ کتوں کے خوف سے بچوں اور بزرگوں کا گھروں سے نکلنا محال ہوگیا: رہنما پاکستان تحریک انصاف

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر رضوان نیازی نے کراچی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی تعداد اور سگ گزیدگی کے خطرناک حد تک بڑھتے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ حکومت اور میئر کراچی کی نااہلی کے باعث شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ رضوان نیازی نے کہا کہ رواں برس کراچی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کی قیادت میں اعلیٰ اختیاراتی سعودی تجارتی وفد نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی وزیر اعظم نے سعودی وفد کا پاکستان میں خیر مقدم کیا

سعودی سرمایہ کاروں کی پاکستان پر اعتماد اقتصادی تعلقات مضبوط

ملاقات میں سینیٹر محمد اسحاق ڈار، رانا تنویر حسین، علیم خان، سردار اویس احمد خان لغاری، علی پرویز ملک، شزہ فاطمہ خواجہ، بلال اظہر کیانی، طارق فاطمی، ہارون اختر خان اور دیگر اعلیٰ سرکاری افسران بھی موجود تھے

بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، توانائی، بجلی کی تقسیم، آئی ٹی سیکٹر وغیرہ سے متعلق منصوبوں میں سرمایہ کاری میں سعودی دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے ایسے متنوع شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کی قیادت میں اعلیٰ اختیاراتی سعودی تجارتی وفد نے آج وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے سعودی وفد کا پاکستان میں خیر مقدم کیا اور کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی طور پر فائدہ مند اقتصادی شراکت داری کی شکل دینے کا خواہاں ہے۔ اس حوالے سے انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی سرمایہ کاروں کا وفد اسلام آباد میں ملاقات کر رہا ہے

عالمگیر خان، دوا خان صابر اور معراج شاہ کی پولیس مقابلے اور دہشت گردی کے مقدمے میں ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے تحریک انصاف کے رہنماؤں عالمگیر خان، دوا خان صابر اور معراج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

سندھ ہائی کورٹ، 80 کی دہائی کے مالیاتی فراڈ کیس میں 9 ملزمان کی سزائیں برقرار

سندھ ہائی کورٹ نے فیصلے میں مرحوم ملزمان کی جائیدادوں کی ضبطگی کے احکامات برقرار رکھے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 1980 کی دہائی کے بڑے مالیاتی فراڈ کیس میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے 9 ملزمان کی سزائیں برقرار رکھنے کا حکم دے دیا جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

منگھوپیر میں ویسٹ پولیس کا کومبنگ آپریشن، مشتبہ افراد کی تصدیق کی گئی

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی، خالد بن ولید روڈ پر تاجر کے اغوا کی واردات، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

اس نوعیت کے واقعات روزمرہ معمولات اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے تشویش کا باعث بن رہے ہیں، شہری

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مصروف علاقے خالد بن ولید روڈ پر گاڑیوں کے تاجر کے مبینہ اغوا کی واردات نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

تھانہ پاکستان بازار پولیس نے اپنی اہلیہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا

کراچی (این این آئی) تھانہ پاکستان بازار پولیس نے اپنی اہلیہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ویسٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

عمران خان کی ملاقاتوں پر پابندی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، منصور احمد شیخ

عمران خان کی فیملی اور ذاتی معالجین تک فوری رسائی بحال کی جائے، ٹاؤن چیئرمین ٹی ایم سی صدر

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر و چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے بانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

زرداری حکومت سازش کے تحت ختم نہ ہوتی تو دیامر بھاشا ڈیم بن چکا ہوتا: بلاول

دیامر (خبر ایجنسیاں) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری کی حکومت سازش کے تحت ختم نہ کی گئی ہوتی تو دیامر بھاشا ڈیم بن چکا ہوتا۔ دیامر میں انتخابی جلسے سے خطاب میں انھوں نے مطالبہ کیا کہ وفاق پی ایس ڈی پی سے پہلے دیامر بھاشا ڈیم مکمل کرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

گلگت بلتستان کے عوام 7 جون کو تیر کے نشان پر مہر لگا کر لگائیں گے، شازیہ مری

ترقی اور عوامی حقوق کے سفر کو آگے بڑھائیں گے پیپلز پارٹی غریب دشمن سیاست پر نہیں رکھتی

عوامی خدمت، معاشی انصاف، ترقی اور عوامی فلاح کے منشور پر یقین رکھتی ہے، مرکزی ترجمان

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی انتخابی مہم کے دوران واضح پیغام دیا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی گلگت بلتستان کے مسائل کا حقیقی حل رکھتی ہے اور عوام کی امیدوں کی حقیقی ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

طوفان کے نتیجے میں ہونیوالے جانی و مالی نقصانات کی تفصیلی رپورٹ جاری

سندھ کے مختلف اضلاع میں بارشوں اور طوفانی موسم کے باعث

16 افراد جاں بحق جبکہ 96 افراد زخمی ہوئے ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے

کراچی (این این آئی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) سندھ نے حالیہ بارشوں اور طوفان کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات کی تفصیلی رپورٹ جاری کردی ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے سندھ سلمان شاہ کے مطابق سندھ کے مختلف اضلاع میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سرکاری جامعات میں کام کرنیوالی سائنسی محققین کی تنخواہیں 5 برس سے جمود کا شکار

نئے بجٹ میں بھی ان کی تنخواہوں میں پی ایچ ڈی سمیت دیگر الاؤنسز شامل نہیں کیے جا رہے، ریسرچرز

پی پی ایس کا اسسٹنٹ پروفیسر سوا 3 لاکھ جبکہ ٹیکس کے بعد ٹی ایس کا اسسٹنٹ پروفیسر ڈیڑھ لاکھ تنخواہ لے رہا ہے

کراچی (این این آئی) ملک بھر کی سرکاری جامعات میں کام کرنے والی سائنسی محققین کی تنخواہیں 5 برس سے جمود کا شکار ہیں اور فنانس ڈویژن ان ریسرچرز کی تنخواہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سیکیورٹی ڈویژن کے ریٹائر ہونیوالے اہلکاروں کے اعزاز میں ظہرانہ

ڈی آئی جی ڈاکٹر مقصود احمد نے بہترین کارکردگی، دیانتداری اور پیشہ ورانہ وابستگی سے انتھک محنت کرنیوالے افسران کو خراج عقیدت تحسین کیا

کمانڈنٹ ایس ایس یو عامر خان نیازی، ایس پی ایف ایس سی شمائل ریاض ملک اور ایس پی مددگار 15 حفیظ الرحمٰن شامل، تعریفی اسناد تقسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکیورٹی ڈویژن کے مختلف یونٹس سے تعلق رکھنے والے 28 ریٹائر ہونے والے افسران و اہلکاروں کے اعزاز میں ایک باوقار تقریب اور ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ ان اہلکاروں کا تعلق پولیس مددگار 15-، کورٹ پولیس، اسپیشل سیکیورٹی یونٹ (SSU)، سیکیورٹی I- اور سیکیورٹی II- سے تھا۔ سیکیورٹی ڈویژن کے زیر انتظام اور ڈی آئی جی سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز ڈویژن ڈاکٹر مقصود احمد کی سربراہی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈاکٹر مقصود احمد ریٹائرڈ ہونیوالے افسران و اہلکاروں کو ظہرانے کے موقع پر تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں

جوبلی جنرل انشورنس اور روش پاکستان کے حکام دستاویز پر دستخط کر رہے ہیں

جوبلی جنرل انشورنس اور روش پاکستان کا کینسر کے علاج کیلئے بڑا اشتراک

کینسر کے مریضوں کیلیے آنکولوجی (کینسر) کی ادویات پر 50 فیصد تک رعایت فراہم کرنے کا اعلان، حفصہ شمسی ایم ڈی روش

کینسر جیسی سنگین بیماری صرف مریض کی قوت برداشت کا امتحان نہیں لیتی، اظفر ارشد ایم ڈی جوبلی جنرل انشورنس کا خصوصی مکالمہ

کراچی (بزنس رپورٹر) جوبلی جنرل انشورنس نے روش پاکستان کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے کینسر کے مریضوں کیلیے آنکولوجی (کینسر) کی ادویات پر 50 فیصد تک رعایت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد مریضوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے علاج تک رسائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سید عامر علی کا بڑا کارنامہ: میزان بینک کو اہم سنگ میل حاصل

میزان بینک نے وزیر اعظم کے اپنا گھر پروگرام کے تحت ہاؤسنگ فنانس کی تقسیم میں 1 ارب روپے سے تجاوز کرلیا

مالیاتی حل فراہم کرتے ہوئے گھر کی ملکیت کو مزید قابلِ رسائی بنانے کیلئے پرعزم ہیں، صدر وسی ای او میزان بینک

کراچی (علیم نواب خان) میزان بینک کے ایزی ہوم ہاؤسنگ فنانس نے وزیر اعظم کے اپنا گھر ہاؤسنگ فنانس پروگرام'' گھر ہو تو اپنا'' کے تحت ایک اہم سنگِ میل حاصل کر لیا ہے، جس کے تحت پروگرام کے آغاز سے اب تک 1 ارب روپے سے زائد کی ہاؤسنگ فنانس تقسیم کی جا چکی ہے۔ یہ کامیابی پاکستان حکومت کے اس وژن کی عکاسی کرتی ہے جس کا مقصد سستے گھروں کی ملکیت کو فروغ دینا اور معاشرے کے کم خدمات یافتہ طبقوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس تک رسائی کو وسعت دینا ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے اسلامی بینک کی حیثیت سے میزان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کراچی: پاسپورٹس پر جعلی مہریں، ازبکستان جانیوالے 2 مسافر آف لوڈ

آف لوڈ کیے گئے مسافروں میں سے 1 کا تعلق بلوچستان کے شہر کیچ سے جبکہ دوسرے کا پنجاب کے شہر رحیم یار خان سے ہے

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر ازبکستان جانے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

دبئی چیمبرز کی پاکستان میں متعارف دفتر کی سرگرمیوں کا بارے میں آگاہی

PHMA اور دبئی چیمبر کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کرنے کی تجویز پر بھی اتفاقِ رائے پایا گیا، غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اولین ترجیح

نمائندہ برائے پاکستان عمیر سلیم گل کی فیصل ارشد شیخ، خادم رسول اور امجد عثمان سے خصوصی ملاقات، 2030 تک دنیا بھر میں پچاس نمائندہ دفاتر ہونگے

کراچی (بزنس رپورٹر) دبئی چیمبر انٹرنیشنل کی چیف نمائندہ برائے پاکستان، عمیر سلیم گل نے پی ایچ ایم اے ہاؤس کراچی میں پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PHMA) کے عہدیداران سے ملاقات کی۔ انہوں نے دبئی چیمبرز کے پاکستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

عوام دوست بجٹ ناگزیر، مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے، ایم پی پی

کراچی (این این آئی) میری پیچان پاکستان (ایم پی پی) کی سینٹرل کمیٹی نے آئندہ مالی سال 27-2026 کے بجٹ میں عوام، مزدوروں، ملازمین، پنشنرز اور متوسط طبقے کے لیے خصوصی ریلیف پیکیج متعارف کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بلدیاتی اداروں میں مبینہ رشوت ستانی اور ملازمین کو ہراساں کرنے کی شکایات، ایم پی پی لیبر ونگ کا تحقیقات کا اعلان

کراچی (این این آئی) میری پیچان پاکستان (ایم پی پی) کی سینٹرل کمیٹی لیبر ونگ نے کراچی کے مختلف ٹاؤنز میں مبینہ رشوت ستانی، غیر شفاف طرزِ عمل اور ملازمین کو ہراساں کیے جانے کی شکایات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات کرانے کا اعلان کردیا ہے۔ ایم پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گمبٹ کے قریب قومی شاہراہ پر آئل ٹینکر الٹ گیا، ٹریفک کی روانی متاثر

ریکوری آپریشن جاری، آئل ٹینکر کراچی سے شکارپور جا رہا تھا

اور اس میں تقریباً 48 ہزار لیٹر پیٹرول لوڈ تھا، ترجمان موٹروے پولیس

گمبٹ (این این آئی) قومی شاہراہ پر رسول آباد کے قریب ایک آئل ٹینکر الٹ جانے کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوگئی، جبکہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، مقامی پولیس اور امدادی اداروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے صورتحال کو قابو میں کر لیا۔ موٹروے پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

رینجرز اور ایس آئی یو پولیس کا مشترکہ آپریشن

جمیل چھانگا گروہ کا انتہائی مطلوب کارندہ ہلاک، دو ملزمان گرفتار

بھتہ خوری، اغوا اور فائرنگ کی وارداتوں میں ملوث ملزمان سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد

کراچی (این این آئی) پاکستان رینجرز (سندھ) اور ایس آئی یو پولیس نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کراچی کے علاقوں ناظم آباد اور گلبہار میں بھتہ خوری میں ملوث جمیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

شوہر کے ساتھ موٹر سائیکل پر جانے والی خاتون کے قتل کی فوٹیج سامنے آگئی

گھات لگائے ملزمان نے خاتون کو گولیوں کا نشانہ بنایا اور فرار ہوگئے، شوہر محفوظ رہا

کراچی (این این آئی) منگھوپیر کے علاقے مغل کانٹا کے قریب فائرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گندم اور روٹی کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ کسی صورت برداشت نہیں، مخدوم محبوب الزمان

مارکیٹ میں خوف و ہراس پھیلانے یا مصنوعی بحران پیدا کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی

محکمہ خوراک کو ہدایت کی کہ گندم کے اسٹاک، سپلائی اور مارکیٹ ریٹ کی روزانہ بنیاد پر نگرانی کو یقینی بنایا جائے

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر خوراک سندھ مخدوم محبوب الزمان نے صوبے کے مختلف علاقوں میں آٹے اور روٹی کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کا سخت نوٹس لیتے ہوئے محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر صورتحال کا جائزہ لینے اور قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کردی ہے۔ وزیر خوراک سندھ نے واضح کیا ہے کہ سندھ میں رواں سال گندم کی بمپر فصل ہوئی ہے اور صوبے میں گندم و آٹے کی دستیابی کے حوالے سے کسی قسم کی قلت کا کوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کراچی میں پانی کا بحران، شدید گرمی میں شہری مہنگے ٹینکرز خریدنے پر مجبور

مختلف پمپنگ اسٹیشنز بجلی کی بندش اور تکنیکی مسائل کے باعث مشکلات کا شکار ہیں، ترجمان واٹر کارپوریشن

کراچی (این این آئی) کراچی کے مختلف علاقوں میں گزشتہ 3 روز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



لاہور: ممتاز صنعتکار جہانگیر خان ترین گورنمنٹ کوئین میری گریجویٹ کالج لاہور میں کمپیوٹر لیب کا افتتاح کر رہے ہیں

دبئی چیمبر انٹرنیشنل کی نمائندہ برائے پاکستان عمیر سلیم گل کو پی ایچ ایم اے کے فیصل ارشد شیخ، خادم رسول اور امجد عثمان شیلڈ پیش کر رہے ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

آئندہ سال کے وفاقی بجٹ میں تاخیر۔۔۔!

وفاقی بجٹ 05 جون کو پیش کیا جانا تھا جواب تاخیر کا شکار ہو گیا ہے، کہا جا رہا ہے کہ اب اِسے 10 یا 12 جون تک پیش کیا جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صوبے اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) راضی نہیں ہو سکے اور اِسی وجہ سے 3 جون (گزشتہ روز) ہونے والا قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس بھی ملتوی کر دیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق مالی سال 27-2026ء کا وفاقی بجٹ پیش کیے جانے میں تاخیر کی بنیادی طور پر دو بڑی وجوہ ہیں جن میں پہلی وجہ صوبوں کو اِس بات پر راضی کرنا ہے کہ وہ ترقیاتی کاموں کے لئے مختص بڑی رقوم کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کریں جبکہ دوسری وجہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ بجٹ کے حتمی اعداد و شمار طے کرنے میں ناکامی ہے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ آنے والا بجٹ 10 یا 12 جون 2026ء تک پارلیمنٹ میں پیش کر دیا جائے گا تاہم ابھی تک کسی حتمی تاریخ کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ وفاق کا موقف ہے کہ ساتویں قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ کے بعد صوبوں کے حصے میں بڑا اضافہ ہوا جبکہ وفاق کا حصہ بہت کم ہو چکا تاہم فی الوقت وفاق چاہتا ہے کہ اِس میں کوئی بھی تبدیلی کیے بغیر صوبے دفاع اور قومی سلامتی کے لئے رضا کارانہ طور پر مالی تعاون کریں لیکن صوبے ترقیاتی فنڈز کو وفاقی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے پر راضی نہیں ہیں۔ مجوزہ بجٹ میں صوبوں کا سالانہ ترقیاتی بجٹ 3.138 ٹریلین روپے تجویز کیا گیا ہے جس میں 1.41 ٹریلین روپے کی مجوزہ رقم کے ساتھ پنجاب سرِفہرست ہے۔ دوسری جانب وفاقی ترقیاتی بجٹ کو 1.126 ٹریلین روپے تک محدود رکھا گیا ہے جس کے بعد یہ بحث چھڑ چکی ہے کہ صوبوں کو کس طرح کچھ ذمہ داریاں لینے اور اپنے وسائل وفاق کی ضروریات کے حق میں منتقل کرنے پر راضی کیا جائے۔ دوسری جانب آئی ایم ایف نے بھی ٹیکس وصولی کا ہدف کم کرنے سے صاف انکار کر دیا ہے، اُس کا کہنا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ہر صورت مالی سال 27-2026ء میں 15 ہزار 264 ارب روپے جمع کرنا ہوں گے۔ واضح رہے کہ موجودہ مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ یعنی مئی تک کے اعداد و شمار کے مطابق 800 ارب روپے سے زائد کی کمی کا سامنا تھا۔ معاشی سرگرمیاں بڑھانے اور مجموعی ٹیکس وصولیوں میں اضافے کے لئے حکومت نے آئندہ مالی سال 27-2026ء کے وفاقی بجٹ میں جائیداد کی خرید و فروخت پر عائد ٹیکس میں کمی کی تجاویز تیار کی ہیں۔

کنری میں خلیفہ سوئم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے یوم شہادت کے موقع صحابہ و مطالباتی ریلی

کنری (نامہ نگار) خلیفہ سوئم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے یوم شہادت کے موقع پر اہلسنت والجماعت کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان مدح صحابہ و مطالباتی ریلی نکالی گئی، فضاء واہ صحابہ واہ کے نعروں سے گونج اٹھی، تفصیلات کے مطابق اہلسنت والجماعت کے زیر اہتمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث سالانہ مینگو فیسٹیول ملتوی، آبادگاروں کا فیصلہ مسترد

58 ویں مینگو فیسٹیول کے انعقاد کے لیے ڈپٹی کمشنر میر پور خاص کی زیر صدارت مینگو فیسٹیول مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد، عارف بھرگڑی سمیت دیگر موجود

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث سالانہ مینگو فیسٹیول ملتوی، آبادگاروں کا فیصلہ مسترد تفصیلات کے مطابق میر پور خاص میں ہر سال منعقد ہونے والا روایتی "مینگو فیسٹیول" اس سال فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے جس پر آبادگاروں اور زرعی رہنماؤں نے شدید اعتراضات اٹھائے ہیں اس سلسلے میں 58 ویں مینگو فیسٹیول کے انعقاد کے لیے ڈپٹی کمشنر میر پور خاص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سرسید روڈ پر واقع سونار کی دکان پر دن دہاڑے مسلح ڈکیتی، اسلحے کے زور پر نوجوان یرغمال، لاکھوں روپے کا سونا، چاندی چوری

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص کے مصروف تجارتی علاقے سرسید روڈ پر واقع سونار کی دکان پر دن دہاڑے مسلح ڈکیتی کا واقعہ پیش آیا۔ ملزمان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

تھانہ پیر آباد (فرنٹیئر چوکی) نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مطلوب گٹکا/ماوا فروش ملزم توصیف احمد ولد ہدایت اللہ کو گرفتار کر لیا

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی ویسٹ پولیس کے تھانہ پیر آباد (فرنٹیئر چوکی) نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مطلوب گٹکا/ماوا فروش ملزم توصیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نوشین رفعی کو ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر (بی ایس 19) کے عہدے پر ترقی دے دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

NO.SO(HD)SGA&CD/1-2/2026
GOVERNMENT OF SINDH
SENIOR, GENERAL ADMINISTRATION AND COORDINATION DEPARTMENT
Karachi, dated the 03rd June, 2026
NOTIFICATION
On the recommendations of the Provincial Selection Board-II in its meeting held on 08.05.2026 and with the approval of the Competent Authority, i.e. Chief Minister Sindh, Dr. Noshaen Raai, Deputy Director (BS-18) WHO, Karachi, is hereby promoted to the post of Deputy Executive Director (BS-19) in Jinnah Postgraduate Medical Centre (JPMC), Karachi, Health Department, on regular basis, with immediate effect.
02. Her posting notification shall be issued separately.
ASIF HYDER SHAH
CHIEF SECRETARY SINDH
Karachi, dated the 03rd June, 2026
NO.SO(HD)SGA&CD/1-2/2026
A copy is forwarded for information to:-
1. The Principal Secretary to the Chief Minister, Sindh.
2. The Principal Secretary to the Governor, Sindh.
3. The Secretary, Health Department, Government of Sindh, Karachi with the request to issue the notification of promotion against BS-19 sanctioned post, so that her promotion may be actualized.
4. The Accountant General Sindh, Karachi / District Accounts officer concerned.
5. The Director Press, Information Department.
6. The Superintendent, Sindh Govt. Printing press, Karachi.
7. The Director General, Health Services, Sindh, Karachi.
8. The Private Secretary to the Chief Secretary, Sindh, Karachi.
9. The Section Officer (concerned, SG&CD), Karachi.
10. Doctor concerned
11. Office order file.
(GHULAM KHAN SHAYO)
SECTION OFFICER-III

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC) کراچی کی سینئر انتظامی افسر ڈاکٹر نوشین رفعی کو گریڈ 19 میں ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔ اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبائی سلیکشن بورڈ کی سفارشات اور وزیر اعلیٰ سندھ کی منظوری کے بعد ڈاکٹر نوشین رفعی، جو بطور ڈپٹی ڈائریکٹر (بی ایس 18) خدمات انجام دے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

شدید گرمی میں سیپکو کا عوام پر بجلی بم، جیکب آباد کے 10 فیڈرز پر شٹ ڈاؤن، شہری اذیت میں مبتلا

جیکب آباد (نامہ نگار) شدید گرمی میں سیپکو کا عوام پر بجلی بم، جیکب آباد کے 10 فیڈرز پر شٹ ڈاؤن، شہری اذیت میں مبتلا تفصیلات کے مطابق شدید گرمی اور حبس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ایس ایس پی میر پور خاص کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ایس ایس پی میر پور خاص کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت، میر پور خاص میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

شی لیڈز کوآرڈینیٹر فائزہ خان کی پرویز احمد کلہوڑو، الیکشن کمشنر خالد حسین لنڈ سے خصوصی ملاقات

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) شی لیڈز میر پور خاص کی کوآرڈینیٹر فائزہ خان نے ریجنل الیکشن کمشنر پرویز احمد کلہوڑو اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میر پور خاص خالد حسین لنڈ سے ملاقات کی ملاقات کے دوران بانجھ بیلی فافین اور الیکشن کمیشن کے درمیان 2007 سے 2024 تک ووٹر آگاہی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جیکب آباد ہولڈنگ کیمپ میں سرکاری اداروں کی جنگ، اسسٹنٹ کمشنر اور پولیس انسپکٹر میں تصادم، دھکے، گالم گلوچ اور ویڈیو وائرل

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد ہولڈنگ کیمپ میں سرکاری اداروں کی جنگ، اسسٹنٹ کمشنر اور پولیس انسپکٹر میں تصادم، دھکے، گالم گلوچ اور ویڈیو وائرل تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ہولڈنگ کیمپ میں انتظامیہ اور پولیس کے درمیان اختلافات کھل کر سامنے آ گئے، جہاں پولیس نفری کو کھانا فراہم نہ کرنے کے معاملے پر اسسٹنٹ کمشنر اور پولیس انسپکٹر آمنے سامنے آ گئے۔ تلخ کلامی نے شدت اختیار کی تو ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ شروع ہو گئی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میر پور خاص ڈی ڈی او پرائمری میں 7 ارب 50 کروڑ روپے کی مبینہ کرپشن، اینٹی کرپشن نے تحقیقات شروع کر دیں

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص ڈی ڈی او پرائمری میں 7 ارب 50 کروڑ روپے کی مبینہ کرپشن، اینٹی کرپشن نے تحقیقات شروع کر دیں میر پور خاص محکمہ تعلیم میں اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ضلع میر پور خاص نے ضلع کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (پرائمری) نبی بخش گرگیج اور ان کے ساتھی افسران کے خلاف مبینہ طور پر 7 ارب 50 کروڑ روپے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جعفر ایکسپریس مسلسل تیسرے روز بھی جیکب آباد میں روک دی گئی، کوئٹہ روانگی منسوخ، 600 سے زائد مسافر شدید مشکلات کا شکار

جیکب آباد (نامہ نگار) جعفر ایکسپریس مسلسل تیسرے روز بھی جیکب آباد میں روک دی گئی، کوئٹہ روانگی منسوخ، 600 سے زائد مسافر شدید مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک کر اس کی کوئٹہ روانگی منسوخ کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق مسلسل تیسرے روز بھی ٹرین کو جیکب آباد سے آگے جانے کی اجازت نہ مل سکی جس کے باعث تقریباً 600 مسافر شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر پہنچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ حمدان بن محمد کی وزارت دفاع کے 50 افسران کی گریجویشن تقریب میں شرکت، شیخ حمدان کا انسانی سرمایہ کاری کو قومی ترقی اور حکومتی کارکردگی کی بنیاد قرار دینے پر زور

شیخ محمد بن راشد اسکول آف گورنمنٹ کے تعاون سے مستقبل کے رہنماؤں اور نوجوان قیادت کے تربیتی پروگرام مکمل، 50 شرکاء کی گریجویشن، جدید قیادت، اسٹریٹجک سوچ اور حکومتی صلاحیتوں میں بہتری پر توجہ

شیخ حمدان بن محمد نے کہا کہ امارات کی ترقی کا اصل ستون انسانی سرمایہ ہے، شیخ محمد بن راشد المکتوم کے ویژن کے مطابق نوجوانوں کی تربیت اور ان کی قیادت کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا قومی ترقی کی بنیادی ترجیح ہے

شیخ حمدان بن محمد نے اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ متحدہ عرب امارات ایک ایسی قیادت تیار کرنے کے لیے پرعزم ہے جو عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کر سکے اور اسے مزید ترقی کی راہ پر گامزن کرے

دبئی (بزنس رپورٹر) دبئی کے ولی عہد، نائب وزیر اعظم، وزیر دفاع اور دبئی ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین، عزت مآب شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم نے ایک اہم گریجویشن تقریب میں شرکت کی، جہاں متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع کے 50 افسران نے مستقبل کے رہنماؤں اور نوجوان قیادت کے تربیتی پروگراموں کی کامیاب تکمیل پر فارغ التحصیل ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ یہ تقریب ''Difference a Making for You of Proud'' کے عنوان سے منعقد کی گئی، جس میں حکومت کے اعلیٰ حکام، عسکری قیادت اور مختلف اداروں کے سینئر نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر ماحول کو قومی جذبے، فخر اور قیادت کی ترقی کے وژن سے بھرپور قرار دیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیخ حمدان بن محمد نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کی ترقی کا اصل ستون انسانی سرمایہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شیخ محمد بن راشد المکتوم کے وژن کے مطابق نوجوانوں کی تربیت اور ان کی قیادت کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا قومی ترقی کی بنیادی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور میں حکومتوں کی کامیابی کا انحصار صرف پالیسیوں پر نہیں بلکہ ایسے قابل، باشعور اور وژنری رہنماؤں پر ہے جو تبدیلی کو سمجھ سکیں اور اس کے مطابق فیصلے کر سکیں۔ ان کے مطابق انسانی وسائل میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل میں پائیدار ترقی کی ضمانت ہے۔ اس پروگرام کے تحت وزارت دفاع کے 50 افسران نے کامیابی کے ساتھ اپنی تربیت مکمل کی۔ ان میں سے شرکاء نے دو مختلف تربیتی پروگرامز میں حصہ لیا، جن کا مقصد جدید قیادت، اسٹریٹجک سوچ اور حکومتی صلاحیتوں کو بہتر بنانا تھا۔ ان پروگراموں میں شرکاء کو عالمی معیار کے مطابق تربیت دی گئی، جس میں جدید تدریسی طریقے، عملی کیس اسٹڈیز، ٹیم ورک، کمیونیکیشن اسکلز اور حقیقی حکومتی تجربات شامل تھے۔ یہ تربیت اس انداز میں تیار کی گئی تھی کہ شرکاء نہ صرف موجودہ چیلنجز کو سمجھ سکیں بلکہ مستقبل کے تقاضوں کے مطابق خود کو ڈھال سکیں۔ فیوچر لیڈرز پروگرام کا بنیادی مقصد افسران میں اسٹریٹجک قیادت، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کی سمجھ، ادارہ جاتی اصلاحات اور کارکردگی میں بہتری پیدا کرنا تھا۔ اس پروگرام کے ذریعے شرکاء کو یہ سکھایا گیا کہ وہ کس طرح بڑے فیصلوں کو بہتر انداز میں لے سکتے ہیں اور اداروں کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنا سکتے ہیں۔ دوسری جانب ینگ لیڈرز پروگرام نوجوان افسران کی بنیادی انتظامی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ اس میں ٹیم ورک، کمیونیکیشن، لیڈرشپ اسکلز اور پیشہ ورانہ ترقی پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ یہ نوجوان افسران مستقبل میں اعلیٰ ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے تیار ہو سکیں۔ یہ تمام تربیتی پروگرام محمد بن راشد اسکول آف گورنمنٹ کے تعاون سے تیار کیے گئے تھے، جو بین الاقوامی معیار کے مطابق حکومتی تربیت فراہم کرنے کے لیے معروف ہے۔ ان پروگراموں میں جدید تدریسی طریقے استعمال کیے گئے جن میں انٹرایکٹو سیشنز، گروپ ایکسرسائزز، حقیقی مثالوں پر مبنی مطالعات اور عملی مشقیں شامل تھیں۔ شرکاء کو نہ صرف نظریاتی تعلیم دی گئی بلکہ انہیں عملی طور پر بھی ایسے حالات سے گزارا گیا جو حقیقی حکومتی اور انتظامی چیلنجز سے ملتے جلتے تھے۔ اس کا مقصد ان کی فیصلہ سازی کی صلاحیت اور عملی مہارت کو بہتر بنانا تھا۔ شیخ حمدان بن محمد نے اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ متحدہ عرب امارات ایک ایسی قیادت تیار کرنے کے لیے پرعزم ہے جو عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کر سکے اور اسے مزید ترقی کی راہ پر گامزن کرے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پروگرامز ملک کے لیے ایک اسٹریٹجک سرمایہ کاری ہیں، کیونکہ یہ نہ صرف اداروں کی کارکردگی بہتر بناتے ہیں بلکہ قومی سطح پر ایک مضبوط اور جدید قیادت بھی تیار کرتے ہیں۔ ان کے مطابق مستقبل کے رہنما وہ ہوں گے جو نہ صرف مسائل کو سمجھیں گے بلکہ انہیں مواقع میں تبدیل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں گے۔ یہی وجہ ہے کہ قیادت کی تربیت کو قومی ترجیحات میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہ گریجویشن تقریب اس بات کی علامت ہے کہ متحدہ عرب امارات اپنی نوجوان نسل اور سرکاری افسران کی تربیت پر مسلسل توجہ دے رہا ہے۔ وزارت دفاع کے 50 افسران کی یہ کامیابی اس وسیع تر قومی وژن کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

دکاندار اویناش اور اس کے بیٹے کو ہتھیاروں کے زور پر غمال بنایا اور لاکھوں روپے مالیت کا سونا، چاندی اور نقدی رقم لوٹ کر فرار ہوگئے۔ متاثرہ دکاندار نے بتایا کہ ڈاکوؤں نے دکان سے تقریباً چھ سے سات کلوگرام چاندی، ڈھائی سے تین تولہ سونا اور نقدی کے علاوہ ضروری دستاویزات بھی لے لیں۔ اویناش نے کہا کہ وہ ڈاکوؤں کا پیچھا کرنے اور مزاحمت کرنے کی کوشش کر رہا تھا، تاہم ملزمان موٹر سائیکل پر فرار ہوگئے؛ یعنی شاہد بن کا کہنا ہے کہ فرار کے دوران ایک یا دو ملزمان موٹر سائیکل سے گر گئے مگر انہیں پکڑنے میں ناکامی ہوئی۔ واقعے کے بعد تاجروں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور علاقے کا کاروبار بند ہوگیا۔ تاجر برادری نے پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کیا جائے ورنہ سخت احتجاج کیا جائے گا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے پر ایس ایس پی میر پور خاص سید فدا حسین شاہ موقع پر پہنچے اور جائے واردات کا معائنہ کیا۔ ایس ایس پی نے کہا کہ مقدمہ درج کر کے ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے گا اور مسروقہ سامان کی بازیابی کے لے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

احمد ولد ہدایت اللہ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کا نام مطلوب لُرگا/ماوا فروشوں کی فہرست (آئی آر) میں بھی شامل تھا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 25 پڑیاں گنگا/ماوا (2 کلوگرام سے زائد) اور نقدی برآمد کرلی گئی۔ ایس ایچ او پریڈ آباد پی آئی وسیم کی نگرانی میں کی گئی اس کامیاب کارروائی کے بعد ملزم کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے ویسٹ پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات اور مضر صحت اشیاء کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

جبکہ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے تعلقات پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہولڈنگ کیمپ پر تعینات پولیس اہلکاروں کے لیے کھانے کا مطالبہ کرنے پر پولیس انسپکٹر لیاقت لاشاری اور اسسٹنٹ کمشنر نوید احمد کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ انسپکٹر لیاقت لاشاری کا مؤقف ہے کہ 12،12 گھنٹے ڈیوٹی دینے والی پولیس نفری کے لیے جب کھانے کا مطالبہ کیا گیا تو اسسٹنٹ کمشنر مشتعل ہوگئے، انہیں دھکے دیے گئے، گالیاں اور دھمکیاں دی گئیں اور ہولڈنگ کیمپ سے باہر نکال دیا گیا۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر نوید احمد نے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہولڈنگ کیمپ میں کھانا ایک طے شدہ طریقہ کار کے مطابق پہلے غیر ملکی افغان باشندوں، پھر پولیس اہلکاروں اور آخر میں ریونیو عملے کو فراہم کیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کیمپ میں مقیم افراد کی تمام ضروریات کا خیال رکھا جاتا ہے اور کسی کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کیا جاتا۔ اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ پولیس اور انتظامیہ ایک ہی ٹیم کا حصہ ہیں، معمولی نوعیت کے اختلافات کو غیر ضروری طور پر بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے معاملہ خوش اسلوبی سے حل کرنے کی کوشش کی لیکن ایک اہلکار کا لہجہ کالج پراتر آیا اور مناسب انداز میں بات کرنے کے بجائے ماحول کشیدہ کیا، جس پر اس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے معطل کیا گیا۔ واقعے کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آرہا ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اور انتظامی افسران آپس میں ہی دست و گریباں ہوں گے تو عوامی مسائل کے حل اور سرکاری معاملات کی انجام دہی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ واقعے نے ہولڈنگ کیمپ کے انتظامی امور، پولیس نفری کی سہولیات اور سرکاری اداروں کے باہمی روابط کے حوالے سے کئی سوالات کھڑے کردیے ہیں، جبکہ شہریوں نے معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ اصل حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ داروں کا تعین ہوسکے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

کرپشن، غیر قانونی بھرتیوں اور مالی بے ضابطگیوں کے حوالے سے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے ذرائع کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے مختلف شعبوں میں ملازمین کی بھرتیوں میں مبینہ خرد برد اور میرٹ کی خلاف ورزیوں کے الزامات کا جائزہ لیا جارہا ہے، جبکہ متعدد معاملات میں سرکاری فنڈز کے استعمال پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں متعلقہ ریکارڈ جمع کرنے کا عمل شروع کردیا گیا ہے، رپورٹس کے مطابق تحقیقات کا دائرہ کار سال 2024 اور 2025 کے دوران ہونے والی بھرتیوں اور مالی معاملات تک وسیع کردیا گیا ہے۔ انکوائری کے دوران مختلف افسران، ملازمین اور ذمہ داران سے وضاحت طلب کی جائے گی ذرائع کا کہنا ہے کہ شکایات میں بعض بھرتیوں کو مشکوک قرار دیا گیا ہے، جہاں ضابطوں کی خلاف ورزی اور سفارش کی بنیاد پر ملازمتیں دینے کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ تحقیقاتی ٹیم متعلقہ دستاویزات، مالی ریکارڈ، ادائیگیوں اور بھرتیوں کی تفصیلات کا جائزہ لے رہی ہے۔ اس کے علاوہ بعض معاملات میں قومی خزانے کو اربوں روپے کے مبینہ نقصان کے امکانات بھی ظاہر کیے گئے ہیں جس کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران الزامات ثابت ہو گئے تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید برآں قومی خزانے کو پہنچنے والے نقصان کی وصولی کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے تحقیقات مکمل ہونے کے بعد رپورٹ متعلقہ اداروں کو پیش کی جائے گی، جس کی بنیاد پر آئندہ کارروائی کا فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

کے صاف پانی اور بجلی کی سہولت بھی میسر نہیں جبکہ شدید گرمی اور حبس کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں کی حالت غیر ہو رہی ہے۔ کئی مسافر گھنٹوں سے پلیٹ فارم پر بے یارو مددگار بیٹھے اپنی منزل تک پہنچنے کے منتظر ہیں۔ متاثرہ مسافروں نے ریلوے حکام اور متعلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرین کی روانگی کے حوالے سے فوری اور واضح معلومات فراہم کی جائیں اور اسٹیشن پر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مسافروں کی مشکلات میں کمی آسکے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

رہی تھیں، کوڈ پنٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پی ایس 19) مقرر کردیا گیا ہیڈ اکٹر نوشین رفیق کا شارجے پی ایم سی کی فعال، باصلاحیت اور پیشہ ور انتظامی شخصیات میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مختلف انتظامی اور طبی شعبوں میں خدمات انجام دیتے ہوئے ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کیا جہاں کی ترقی پر جے پی ایم سی کے سینئر ڈاکٹرز، جن میں ، ڈاکٹر مدثر دانش، ڈاکٹر مہران خان اور ڈاکٹر عرفان صدیقی سمیت دیگر افسران اور عملے نے مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر نوشین رفیق کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور انتظامی تجربہ ادارے کی مزید ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا دوسری جانب سماجی کارکن اور سینئر صحافی پیر بخش نوناری نے بھی ڈاکٹر نوشین رفیق کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ترقی ان کی محنت، قابلیت اور ادارے کے لیے گراں قدر خدمات کا اعتراف ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں میں بھی بے پی ایم سی کی ترقی، انتظامی بہتری اور عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر کردار ادا کرتی رہیں گی۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

کی زیر صدارت مینگو فیسٹیول مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کمیٹی کے چیئرمین عارف بھرگڑی، سابق چیئرمین اور آڈیٹر بورڈ کے رہنما محمد عمر بگھیو، اللہ بچایو راجڑ، منصور چیمہ، گھرام بلوچ، چوہدری احسان الحق آرائیں، کریم میمن سمیت محکمہ زراعت، ہارٹیکلچر ریسرچ سینٹر اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران کمیٹی کے چیئرمین عارف بھرگڑی نے بتایا کہ مینگو فیسٹیول کے انعقاد کے لیے سندھ حکومت سے ایک کروڑ 60 لاکھ روپے کے فنڈز کی درخواست کی گئی تھی تاہم حکومت کی جانب سے تاحال کوئی جواب موصول نہیں ہوا جس کے باعث رواں سال مینگو فیسٹیول ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر میر پور خاص نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ جنگ کے بعد پیدا ہونے والی موجودہ معاشی صورتحال کے باعث سندھ حکومت نے کفایت شعاری پالیسی اختیار کرتے ہوئے متعدد اخراجات میں کمی کر دی ہے فیسٹیول ملتوی کرنے کے فیصلے پر آڈیٹر رہنما محمد عمر بگھیو نے شدید اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دورِ چیئرمینی میں صرف 30 لاکھ روپے کے خرچ سے بھی مینگو فیسٹیول کامیابی سے منعقد کیا جاتا رہا ہے انہوں نے کہا کہ اگر سندھ حکومت کی جانب سے فنڈز نہیں ملے تو بھی ڈسٹرکٹ کونسل، میونسپل کارپوریشن اور دیگر ادارے ہر سال مالی معاونت فراہم کرتے رہے ہیں جبکہ شوگر ملز، کاٹن فیکٹریاں، زرعی ادویات اور کھاد کے ڈیلرز بھی تعاون کرتے رہے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ کمیٹی خود کوششیں کرکے وسائل پیدا کرے اور فیسٹیول کو ملتوی کرنے کے بجائے منعقد کرے کیونکہ یہ فیسٹیول آباد گاروں کی حوصلہ افزائی اور زرعی ترقی کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران عارف بھرگڑی اور عمر بگھیو کے درمیان اس معاملے پر تلخ کلامی بھی ہوئی عمر بگھیو نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ اگر رواں سال فیسٹیول کے لیے ایک کروڑ 60 لاکھ روپے درکار ہیں تو گزشتہ سال حاصل ہونے والے ایک کروڑ 30 لاکھ روپے کے اخراجات کی تفصیلات بھی پیش کی جائیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ وہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر بگھیو نے کہا کہ مینگو فیسٹیول میر پور خاص کی شناخت بن چکا ہے اور آباد گار مشکل حالات کے باوجود اس کے انعقاد کو یقینی بناتے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ فیسٹیول میں صرف آموں کی نمائش ہی نہیں ہوتی بلکہ آباد گاروں اور باغبانوں کو درپیش مسائل پر سیمینارز بھی منعقد کیے جاتے ہیں جن سے زرعی شعبے کو رہنمائی ملتی ہے اس کے علاوہ مختلف ممالک کے سفارتکار بھی اس فیسٹیول میں شرکت کرتے ہیں جس سے آموں کی برآمدات بڑھانے میں مدد ملتی ہے دوسری جانب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مینگو فیسٹیول کمیٹی کے چیئرمین عارف بھرگڑی نے کہا کہ آموں کی یہ نمائش آباد گاروں کے لیے انتہائی اہم ہے تاہم سندھ حکومت کی جانب سے فنڈز نہ ملنے کے باعث اسے ملتوی کرنا پڑا انہوں نے کہا کہ جو آباد گار فیسٹیول ملتوی ہونے پر اعتراض کر رہے ہیں وہ خود فنڈز کا بندوبست کرکے دکھائیں کمیٹی فوری طور پر نمائش منعقد کرنے کے لیے تیار ہے عارف بھرگڑی کا مزید کہنا تھا کہ شوگر ملز سمیت کوئی بھی ادارہ اس وقت مالی معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں جس کے باعث فیسٹیول کے انعقاد میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

موسم میں سیکیو نے تاریں تبدیل کرنے کے نام پر جیکب آباد شہر کے 10 فیڈرز پر چار روزہ شٹ ڈاؤن نافذ کرکے شہریوں کو مشکلات کے بھنور میں دھکیل دیا۔ شٹ ڈاؤن کے تحت روزانہ صبح 7 بجے سے دوپہر 2 بجے تک سات گھنٹے بجلی بند رکھنے کی منظوری دی گئی تھی، تاہم پہلے ہی روز مقررہ وقت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بجلی دوپہر 3 بجے بحال کی گئی اور شہریوں کو آٹھ گھنٹے تک بجلی سے محروم رکھا گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی بند ہونے کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر رہیں جبکہ گھروں میں خواتین، بچے، بزرگ اور بیمار افراد شدید گرمی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیے گئے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ ایک طرف غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے اور دوسری جانب شٹ ڈاؤن کے نام پر اضافی بندش مسلط کر دی گئی ہے۔ شہری حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ جب عوام کو مسلسل کئی گھنٹوں تک بجلی سے محروم رکھا جا رہا ہے تو کیا اس عرصے کے دوران لوڈشیڈنگ میں کوئی ریلیف دیا جائے گا؟ اس حوالے سے سیکیو حکام نے تاحال کوئی واضح مؤقف اختیار نہیں کیا اور نہ ہی صارفین کو کسی قسم کی رعایت یا متبادل شیڈول سے آگاہ کیا گیا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے شٹ ڈاؤن کے دوران مقررہ اوقات سے زائد بجلی بند رکھنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سیکیو انتظامیہ عوام کو درپیش مشکلات کا نوٹس لے، شٹ ڈاؤن کے شیڈول پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائے اور اضافی لوڈشیڈنگ ختم کرکے شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

ایس ایس پی آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایس ایس پی سید فدا حسین شاہ نے کی، اجلاس میں محرم الحرام بالخصوص یومِ عاشور کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سیکیورٹی پلان، ٹریفک مینجمنٹ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی رابطوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اس موقع پر حساس مقامات کی نگرانی، داخلی و خارجی راستوں کی چیکنگ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا، ایس ایس پی سید فدا حسین شاہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے، حساس علاقوں میں نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جائے اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے تاکہ تمام مجالس اور جلوس پرامن اور محفوظ ماحول میں منعقد ہوسکیں، انہوں نے کہا کہ امن و امان کے قیام کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

عام انتخابات اور گنتی انتخابات کے مشاہدے کے حوالے سے قائم مؤثر اور تعمیری شراکت داری پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا اس موقع پر مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں، خصوصاً خواتین کونسلرز اور یوسی چیئرپرسنز کو متحرک کرنے اور لوکل گورنمنٹ ویمن کونسلرز نیٹ ورک کے قیام سے متعلق پیش رفت بھی شیئر کی گئی مزید برآں، سیاسی اور انتخابی عمل میں خواتین کی بامعنی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے باصلاحیت اور ابھرتی ہوئی خواتین کی نشاندہی اور ان کی حوصلہ افزائی کے اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی ملاقات میں خواتین کی سیاسی قیادت، جمہوری عمل میں شمولیت اور انتخابی عمل میں مؤثر کردار کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

بعد نماز عصر بخاری چوک کنری سے نیشنل پریس کلب کنری تک داماد رسول صلی اللہ علیہ وسلم خلیفہ سوئم سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی یوم شہادت پر اہلسنت والجماعت تعلقہ کنری کے صدر حافظ نعیم ہاشمی، تعلقہ جنرل سیکریٹری مولانا حسنین تاج اور ضلعی نائب صدر ذوالفقار علی، مولانا شہزاد آرائیں کی قیادت میں ایک عظیم مدح صحابہ ومطالباتی ریلی نکالی گئی جس میں اہلسنت والجماعت کے کارکنان، شہریوں اور علماء کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی، ریلی کے شرکاء سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 18 ذوالحج اس عظیم شخصیت کی شہادت کا دن ہے جن کے نکاح میں یکے بعد دیگرے آقائے دو جہاں کی دو صاحب زادیاں نکاح میں آئیں جس نے جنت البقیع کیلئے زمین خرید کر دی جس نے مسجد نبوی کیلئے زمین وقف کر دی وہ ہستی سیدنا عثمان بن عفان ذوالنورین رضی اللہ عنہ ہیں، انہوں نے کہا کہ سیدنا عثمان غنی شرم وحیاء کے پیکر تھے قرآن کریم کو کتابی شکل میں جمع کرنے کا کام خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں شروع ہوا اور آپ کے دور خلافت میں مکمل ہوا اس لئے آپ کو جامع القرآن بھی کہا جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ آقا کریم نے فرمایا کہ جنت میں ہر نبی کا رفیق ہوگا اور میرے رفیق عثمان بن عفان ہیں آقا کریم کی سیدنا عثمان غنی سے محبت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جنازہ لایا گیا کہ نماز پڑھا دیں فرمایا جنازہ واپس لے جائیں میں نہیں پڑھاؤں گا کیونکہ جی میرے عثمان غنی سے بغض رکھتا تھا، خلیفہ سوئم، پیکر جود وسخاوت سیدنا عثمان غنیؓ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بار جنت کی بشارت کی خوشخبری دی، انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ صحابہ کرام کی عزت و ناموس کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں توہین کرنیوالوں کیخلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے عثمان غنی کے یوم شہادت پر ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کرکے اس دن کو سرکاری سطح پر سیرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو اجاگر کیا جائے، سیدنا عثمان غنی 12 سال تک 44 لاکھ مربع میل کے وسیع و عریض خطہ پر اسلامی سلطنت کو چلانے کے بعد قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہوئے اور روزے کی حالت میں شہادت کے عظیم رتبے پر فائض ہوئے،

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

واپڈا ڈسکوز صارفین پر لاگو ہوگا۔ مہر اتے کہا کہ قومی اوسط فیول چارج کیوبٹ 8.2 روپے فی یونٹ مقرر کیا گیا، اپریل 2026 کا قومی اوسط فیول کاسٹ کیوبٹ 9.4 روپے فی یونٹ رہا اور فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 1.19 روپے فی یونٹ اضافہ منظور کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لائف لائن صارفین پر اضافی چارج لاگو نہیں ہوگا، پری پیڈ صارفین، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز بھی اضافی وصولی سے مستثنیٰ ہوں گے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ انکر یمنٹل کنزمپشن بیکیج کے تحت استعمال شدہ یونٹس پر بھی فیول ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگا اور اپریل کے استعمال شدہ یونٹس کی بنیاد پر اضافی رقم وصول کی جائے گی۔ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافہ چار جز کی وصولی رواں ماہ کی جائے گی تاہم جون کے بل جاری ہوچکے ہوں تو وصولی آئندہ بل میں شامل کی جاسکے گی۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

نے اکتوبر 2025ء میں شہزادہ منصور اور سعودی تجارتی وفد کے دورہ پاکستان کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ موجودہ دورہ دونوں فریقین کو مختلف شعبوں میں بات چیت اور مفاہمت کی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ انہوں نے خادمین حرمین شریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شہزادہ منصور نے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور سعودی حکومت کے ساتھ ساتھ کاروباری برادری کی پاکستان کے ساتھ متعدد شعبوں میں B2B روابط کو بڑھانے کی شدید خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، توانائی، بجلی کی تقسیم، آئی ٹی سیکٹر وغیرہ سے متعلق منصوبوں میں سرمایہ کاری میں سعودی دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ایسے متنوع شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا اور یہ بھی تجویز کیا کہ زراعت اور غذائی تحفظ ایک اور ترجیحی شعبہ ہوسکتا ہے جس میں دونوں ممالک باہمی طور پر فائدہ مند مواقع تلاش کرسکتے ہیں۔ سعودی ولیعہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ویژن کے مطابق پاکستان میں سعودی سرمایہ کاری کو بڑھانے کے لیے اہم سرکاری اور نجی شعبے کے شراکت داروں سے ملاقاتیں کرے گا۔ اس ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین، وزیر مواصلات علیم خان، وزیر پاور و ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاونین خصوصی طارق فاطمی، ہارون اختر خان اور دیگر اعلیٰ سرکاری افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

وفات پا جانے والے 7 ملزمان کی سزائیں ختم کردیں۔ عدالت نے مرحوم ملزمان کی جائیدادوں کی ضبطگی کے احکامات برقرار رکھے ہیں، جبکہ 4 ملزمان کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے انہیں بری کر دیا گیا۔ جسٹس خالد حسین شاہانی کی سربراہی میں عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ اسلامی کاروبار کے نام پر منظم مالیاتی فراڈ کے ذریعے عوام کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ نیب پراسیکیوٹر سید خرم کمال نے عدالت کو بتایا کہ فراڈ کی بنیاد 1979 اور 1980 کے دوران رکھی گئی تھی اور تقریباً 50 ہزار افراد نے اپنی جمع پونجی اس اسکیم میں لگا دی تھی۔ نیب کے مطابق 1987 میں اسٹیٹ بینک کی جانب سے نگرانی سخت کیے جانے کے بعد ملزمان نے ایک نجی کمپنی قائم کی۔ تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ عوام سے حاصل کی گئی رقوم سے 32 ذیلی کمپنیاں بنائی گئیں جبکہ خاندان کے افراد اور ملازمین کے ناموں پر درجنوں جائیدادیں بھی خریدی گئیں۔ عدالت کو بتایا گیا کہ سندھ ہائی کورٹ نے 1989 میں آفیشل اسائنی کو لبوٹر لیکویڈیٹر مقرر کیا تھا اور اس کے پاس 3 ارب 64 کروڑ 99 لاکھ روپے مالیت کے 49 ہزار 139 دعوے جمع ہوئے۔ نیب نے تحقیقات مکمل کرنے کے بعد 2003 میں ریفرنس دائر کیا تھا، جبکہ احتساب عدالت کے فیصلے کے خلاف 2007 اور 2012 میں اپیلیں دائر کی گئی تھیں۔ عدالت نے فیصلے میں واضح کیا کہ احتساب قانون کے تحت جرم سے حاصل ہونے والی جائیداد کی ضبطگی ملزم کی وفات سے ختم نہیں ہوسکتی۔ عدالت کے مطابق اگر وفات کے بعد ضبطگی ختم کر دی جائے تو ہزاروں متاثرہ سرمایہ کار اپنے حقوق سے محروم ہو جائیں گے۔ سندھ ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ آفیشل اسائنی اثاثوں کی نگرانی، ریکوری، فروخت اور سرمایہ کاروں میں تقسیم کا عمل جاری رکھے، جبکہ نیب اور دیگر ادارے اثاثوں کی تلاش اور ریکوری میں مکمل معاونت فراہم کریں۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

تاجر کرن کمار کو نامعلوم مسلح افراد مبینہ طور پر زبردستی گاڑی میں بٹھا کر ساتھ لے گئے۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آئی ہے جس میں مشتبہ افراد کو واردات سے قبل موقع پر ریکی کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ فوٹیج میں یہ بھی نظر آتا ہے کہ ایک شخص کے اشارے پر مزید افراد گاڑی میں پہنچتے ہیں جس کے بعد مسلح ملزمان تاجر کو زبردستی گاڑی میں بٹھا کر فرار ہوجاتے ہیں۔ مصروف شاہراہ پر پیش آنے والے اس واقعے کے بعد شہری حلقوں میں سیکیورٹی صورتحال پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ اس نوعیت کے واقعات روزمرہ معمولات اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں جبکہ سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

چیئرمین عمران خان کی فیملی اور ذاتی معالجین سے ملاقاتیں بند کرنا نہ صرف غیر انسانی عمل ہے بلکہ یہ بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی بھی ہے۔ یک قومی رہنما کو ان کے اہل خانہ اور ذاتی ڈاکٹروں تک رسائی سے محروم رکھنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت اقدام ہے۔ منصور احمد شیخ نے کہا کہ عمران خان قوم کے عظیم لیڈر ہیں جنہوں نے ملک و قوم کی ترقی، خودمختاری اور حقیقی آزادی کے لیے آواز حق بلند کی، مگر آج انہیں انہی اصولی مقصد کی سزا دی جارہی ہے۔ ان کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک پوری قوم کے جذبات کو مجروح کر رہا ہے اور عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اس ملک اور قوم کی خاطر ظلم و جبر برداشت کر رہے ہیں، مگر تاریخ گواہ ہے کہ قوموں کے رہنما کبھی دبا اور انتقامی کارروائیوں سے خاموش نہیں ہوتے۔ ملک اور قومیں آئین و قانون کی بالادستی، انصاف کی حکمرانی اور عوامی مینڈیٹ کے احترام سے ترقی کرتی ہیں، نہ کہ سیاسی انتقام اور بنیادی حقوق کی پامالی سے۔ منصور احمد شیخ نے مزید کہا کہ اس وقت ملک کی معیشت تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے، مہنگائی عروج پر پہنچ چکی ہے جبکہ ملک کی نصف آبادی غربت کی لکیر سے نیچے جا چکی ہے۔ ایسے حالات میں عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی انتقام کا سلسلہ جاری رکھنا ملک کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ووٹ کا احترام ناگزیر ہے، اگر اسی طرح ووٹ چوری ہوتا رہا اور عوامی مینڈیٹ کو پامال کیا جاتا رہا تو ملک کبھی ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکے گا۔ منصور احمد شیخ نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر عمران خان کی ملاقاتیں بحال کی جائیں اور ان کے ذاتی معالجین تک رسائی ممکن بنائی جائے تاکہ انہیں بنیادی انسانی و طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

شاہ کی پولیس مقابلے اور دہشت گردی کے مقدمے میں ضمانت منظور کرلی ہے۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں خصوصی عدالت کے روبرو تحریک انصاف کے رہنماؤں کیخلاف کورنگی میں پولیس مقابلہ اور دہشتگردی کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ وکیل صفائی شجاعت علی خان ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ رہنماؤں کو دیگر مقدمات میں ضمانت ملنے پر پولیس نے بدنیتی کی بنیاد پر کورنگی تھانے کے مقدمے میں نامزد کیا۔ پولیس نے پرانے مقدمے کے ضمنی چالان میں رہنماں کو نامزد کیا۔ جوئے کے مقدمے میں ضمنی چالان میں پولیس مقابلہ اور دہشتگردی کی دفعات شامل کی گئیں۔ عدالت نے تحریک انصاف کے رہنماعالمگیر خان، دواخان صابر اور معراج شاہ کی ضمانت منظور کرتے ہوئے فی کس ایک لاکھ روپے کے چلکے جمع کروانے کا حکم دیدیا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

تھانہ منگھوپیر کی حدود یعقوب شاہ بستی اور ملحقہ علاقوں میں کو مہنگے اور سرچ آپریشن کیا۔ ترجمان ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق آپریشن ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایات پر کیا گیا، جس کا مقصد علاقے میں امن و امان کا قیام، عوام کا تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کو یقینی بنانا ہے۔ پولیس نے سرچ آپریشن سے قبل علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو سیل کر کے مختلف مقامات کی تلاشی لی، جبکہ بائیومیٹرک سرچ ڈیوائس کے ذریعے متعدد مشتبہ افراد کی تصدیق بھی کی گئی۔ آپریشن میں ایس ڈی پی او منگھوپیر کی نگرانی میں ایس ایچ او منگھوپیر، پولیس نفری، لیڈیز پولیس اور انٹیل جنس عملے نے حصہ لیا۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

طارق ابی مستوئی کے مطابق ملزم اصغر علی نے گھریلو تنازع پر اپنی 58 سالہ اہلیہ عاصمہ کو لوہے کے سریے کے وار کر کے قتل کیا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا جبکہ جائے وقوعہ سے آلہ قتل بھی برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے ابتدائی تفتیش کے دوران ذاتی لڑائی جھگڑے کی بنا پر قتل کا اعتراف کیا ہے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا جارہا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

**بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے، سردار طاہر محمود

کاروبار دوست ماحول کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کا عزم، بازار بارہ کہو کے صدر قمر عباسی سے خصوصی ملاقات

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) سردار طاہر محمود نے کہا ہے کہ آئی سی سی آئی وفاقی دارالحکومت کی تاجر برادری کی شاندار نمائندہ تنظیم ہونے کے ناطے تاجروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کیلئے سرکاری اداروں کے ساتھ مؤثر انداز میں اپنا بھرپور وکالتی کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن موتی بازار بارہ کہو کے ایک بڑے وفد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

عراقی قونصل جنرل کی اسپیکر سندھ اسمبلی سے ملاقات

مشرق وسطی میں عدم استحکام کے معاشی اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہوئے ہیں، اویس قادر شاہ

کراچی (بزنس رپورٹر) عراق کے قونصل جنرل ڈاکٹر ماہر مجید جیجان نے اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور عراق کے تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی تعاون کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران عراقی قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستان اور عراق کے درمیان فضائی روابط میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جبکہ عراق میں امن و امان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہے، شاہینہ شیر علی

حقوق نسواں و مساوی ترقی کیلئے مشترکہ منصوبوں کو موثر انداز میں آگے لیجائیں گے، مشیر پاتھ فائنڈر انٹرنیشنل سمیرا اشفاق کی صوبائی وزیر سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی سے پاتھ فائنڈر انٹرنیشنل کی مشیر سماجی بہبود سمیرا اشفاق نے ملاقات کی اور خواتین کے حقوق صنفی مساوات، خواتین کو با اختیار بنانے، سماجی ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ سے متعلق مختلف امور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

عدالت نے انمول عرف پنکی کے شریک ملزمان سہیل الرحمان اور ذیشان الرحمان کی درخواست پر پراسیکیوشن کو نوٹس جاری کر دیئے

کراچی (این این آئی) کراچی کی مقامی عدالت نے انمول عرف پنکی کے شریک ملزمان سہیل الرحمان اور ذیشان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

عدالت نے منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار ملزمہ شیریں اور اس کے دو بیٹوں کو عدالتی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

کراچی (این این آئی) کراچی کی مقامی عدالت نے منشیات فروشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ڈاکٹر علی راشد النعیمی کی سیراپ گولر سے خصوصی ملاقات

وفاقی قومی کونسل کی دفاع، داخلہ و خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین کی جرمن وزیر مملکت سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مضبوط بنانے پر بات چیت

ابوظہبی (بزنس رپورٹر) وفاقی قومی کونسل (ایف این سی) کی دفاع، داخلہ اور خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر علی راشد النعیمی نے آج ابوظہبی میں جرمنی کی وفاقی وزارت خارجہ کی وزیر مملکت سیراپ گولر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی قومی کونسل کے متعدد ارکان بھی شریک تھے۔ دونوں فریقوں نے متحدہ عرب امارات اور وفاقی جمہوریہ جرمنی کے درمیان اسٹریٹجک اور تاریخی تعلقات کی مضبوطی کا اعادہ کیا، جنہیں دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

بی وائی ڈی پاکستان نے دی گریٹ پاکستان ایڈونچر کی تیسری قسط جاری کر دی

سیریز کی تیسری قسط ''ٹائم مشین'' میں سندھ کے بھرپور ثقافتی ورثے کو اجاگر کیا

کراچی (این این آئی) بی وائی ڈی پاکستان نے اپنی سفری اور کہانیوں پر مبنی سیریز "دی گریٹ پاکستان ایڈونچر" کی تیسری قسط "ٹائم مشین" جاری کر دی ہے۔ یہ سیریز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

چینی شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ضیاء الحسن لنجار

اداروں اور چینی قونصل خانے کے درمیان رابطوں کو مزید موثر بنایا جائے گا، وزیر داخلہ سے چینی قونصل جنرل کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیاء الحسن لنجار سے کراچی میں تعینات عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل یانگ یونڈونگ نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور سیکیورٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے قونصل جنرل یانگ یونڈونگ کی سفارتی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

غزہ پھر خون میں نہا گیا، اسرائیلی حملوں میں 4 معصوم بچوں سمیت 9 فلسطینی شہید

اسرائیلی طیاروں کی جانب سے مختلف مقامات پر بمباری کی گئی جس کے نتیجے میں متعدد مکانات کو شدید نقصان پہنچا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ سٹی میں اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجے میں کم از کم 9 فلسطینی شہید جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ فلسطینی سول ڈیفنس حکام کے مطابق حملے علی الصبح کیے گئے جن میں رہائشی عمارتوں اور شہری علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ فلسطینی سول ڈیفنس کے ترجمان محمود بصل نے بتایا کہ اسرائیلی طیاروں کی جانب سے مختلف مقامات پر بمباری کی گئی، جس کے نتیجے میں متعدد مکانات کو شدید نقصان پہنچا۔ حملوں میں شہید ہونے والوں میں 4 بچے بھی شامل ہیں، جبکہ کئی زخمیوں کو طبی امداد کے لیے قریبی اسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق الشاطی پناہ گزین کیمپ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مسلم لیگ ن رہنما انجینئر سلمان خان کی والدہ سپرد خاک

رقت آمیز مناظر نماز جنازہ تدفین میں ن لیگ سمیت دیگر جماعتوں کے رہنما کارکنان دوست احباب شریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کراچی | ڈویژن کے صدر انجینئر سلمان خان کی والدہ محترمہ سیدہ عائشہ منان کو لاہور میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومہ کئی روز لاہور کے نجی ہسپتال کے انتہائی نگہداشت وارڈ میں زیر علاج رہنے کے بعد گذشتہ روز انتقال کر گئیں تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں ن لیگ سمیت دیگر جماعتوں کے رہنما کارکنان دوست احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر رقت آمیز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

نوید کامران بلوچ کی ہدایت، محتسب ٹیم کا اسلام آباد ایئرپورٹ کا دورہ

مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم اور خدمات کا معیار مزید بہتر بنانے کی ہدایت، افتخار حسین نقوی، پرویز حلیم راجپوت موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی محتسب کی ایک معائنہ ٹیم نے بدھ کو اسلام آباد ایئرپورٹ کا دورہ کیا اور ایئرپورٹ حکام کو ہدایت کی کہ مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم اور دستیاب خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ یہ دورہ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی ہدایات پر کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سندھ ہائی کورٹ نے قتل کے ملزم غلام مرتضیٰ کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کروانے کا حکم دے دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے قتل کے ملزم غلام مرتضیٰ کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کروانے کا حکم دے دیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم غلام مرتضیٰ کی عبوری ضمانت کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل لیاقت علی خان گبول نے موقف دیا کہ ملزم کو سرجانی ٹاؤن تھانے میں سیف اللہ نامی شخص کے قتل کے مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔ ملزم پر الزام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

بجٹ میں تاجروں، صنعتکاروں اور متوسط طبقے کو ریلیف دیا جائے، متحدہ بزنس فورم مطالبہ

ڈاکٹر فاروق ستار، شبیر قائم خانی، قمر اختر نقوی، مجاہد رسول، عاصم اعزاز عالم، عامر ولی الدین چشتی نے وفاقی شیڈو بجٹ پیش کر دیا

پٹرول لیوی ختم، بی آئی ایس پی کے بجائے بینظیر انکم جزیشن پروگرام چلایا جائے، حسان صابر، علی خورشیدی، آسیہ اسحاق، خالد اطیب

محمد ریحان حنیف، جاوید بلوانی، ایچ ایم شہزاد، تاجروں کے نمائندے، شرجیل گوپلانی کی ایم کیو ایم بجٹ تجاویز مسترد، شمشاد علی صدیقی بھی موجود

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان بزنس فورم نے وفاقی شیڈو بجٹ پیش کر دیا۔ کراچی میں ایم کیو ایم رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے پریس کانفرنس کے دوران شیڈو بجٹ پیش کیا۔ اس موقع پر صدر کے سی سی آئی اور تاجر تنظیموں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ فاروق ستار نے کہا کہ ہم عوام سے نہیں بلکہ بڑے بڑے سرمایہ داروں سے ٹیکس کلیکشن کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر پٹرول پر لیوی ختم کی جائے اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بجائے بینظیر انکم جنریشن پروگرام چلایا جائے۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ پاکستان کی معاشی خودمختاری ملک کی بقا کا معاملہ ہے، اربن ایریاز پر ٹیکس لگایا گیا ہے جبکہ ناردرن ایریاز کو ٹیکس چھوٹ دی گئی ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایک ٹیچر 60 سے 70 ہزار کما رہا ہے اور انکم ٹیکس دے رہا ہے، لیکن بڑا جاگیردار کوئی ٹیکس نہیں دے رہا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے ایوانوں میں کسان کی کسان، مزدور کی سرمایہ دار نہیں بلکہ مزدور اور مڈل کلاس کی نمائندگی پڑھا لکھا نوجوان کرے۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ پانی، توانائی بجلی اور گیس پر کام کرنا ہے، اس سال وفاقی حکومت کا خسارہ 4 فیصد ہے، ہم اپنی تجاویز میں اسے 2 اعشاریہ 2 فیصد پر لا رہے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو بھی پالیسی ریٹ اور کم کرنا چاہیے، ہم نے پاکستان کے 25 کروڑ عوام کے ایک عوام دوست شیڈو بجٹ تیار کیا ہے۔ دریں اثناء کراچی میں ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے شیڈو بجٹ پیش کیے جانے کے موقع پر تاجر برادری نے شدید احتجاج کرتے ہوئے بجٹ تجاویز کو مسترد کر دیا۔ تقریب کے دوران معروف تاجر رہنما شرجیل گوپلانی نے کراچی میں ڈسٹرکٹ چیمبر کے قیام کی راہ میں مبینہ رکاوٹیں ڈالنے کے خلاف بطور احتجاج واک آؤٹ کیا۔ اس موقع پر تاجر نمائندوں نے ہاتھوں میں ڈسٹرکٹ چیمبر کے قیام کے حق میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور مطالبہ کیا کہ کراچی کے تاجروں کو ان کا جائز نمائندہ پلیٹ فارم فراہم کیا جائے۔ شرجیل گوپلانی کا کہنا تھا تاجر برادری کے حقیقی مسائل کے حل کے بجائے نمائندگی کے بنیادی حق کو محدود کیا جا رہا ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ڈسٹرکٹ چیمبر کے قیام کی راہ میں حائل تمام رکاوٹیں فوری طور پر دور کی جائیں۔ احتجاج کرنے والے تاجروں نے واضح کیا کہ وہ شہر کی تاجر برادری کے حقوق اور موثر نمائندگی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

☆☆☆

آئی اے ای اے ڈی جی کی متحدہ عرب امارات کے پرامن جوہری توانائی پروگرام کی تعریف

رافائل ماریانو گروسی کی وفاقی اتھارٹی برائے نیوکلیئر ریگولیشن (FANR) کے ڈپٹی چیئرمین حمد الکعبی اور دیگر حکام سے ملاقات

امارات نے جوہری توانائی کے شعبے میں عالمی سطح پر ایک مثالی ماڈل قائم کی اس میں مسلسل بہتری کیلئے بین الاقوامی تعاون ضروری ہے

یہ دور 1976 سے جاری یو اے ای اور آئی اے ای اے کے دیرینہ تعلقات کا حصہ ہے، اور یہ مزید مضبوط ہوتا جا رہا ہے

دبئی (بزنس رپورٹر) گروسی نے جوہری توانائی کو پائیدار توانائی نظام کی بنیاد قرار دیا اور کہا کہ ایسے تنصیبات کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے بارکہ نیوکلیئر پلانٹ پر مبینہ حملے کی سخت مذمت کی اور اسے علاقائی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا IAEA کے ڈائریکٹر جنرل رافائل ماریانو گروسی نے متحدہ عرب امارات کے پرامن جوہری توانائی پروگرام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام اعلیٰ ترین حفاظتی، شفافیت اور بین الاقوامی تعاون کے اصولوں پر قائم ہے۔ انہوں نے یہ بات اپنے سرکاری دورہ متحدہ عرب امارات کے دوران کہی، جس میں انہوں نے بارکہ نیوکلیئر پاور پلانٹ کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ وفاقی اتھارٹی برائے نیوکلیئر ریگولیشن (FANR) کے ڈپٹی چیئرمین حمد الکعبی اور دیگر حکام موجود تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے پلانٹ کی مختلف سہولیات، جدید سمیولیٹر ٹریننگ سسٹمز کا جائزہ لیا اور اماراتی انجینئرز اور ماہرین سے ملاقات کی۔ گروسی نے کہا کہ متحدہ عرب امارات نے جوہری توانائی کے شعبے میں عالمی سطح پر ایک مثالی ماڈل قائم کیا ہے اور اس میں مسلسل بہتری کے لیے بین الاقوامی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جوہری توانائی آج کے دور میں توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہے، تاہم اس نوعیت کی تنصیبات کو کسی بھی صورت نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے بارکہ نیوکلیئر پلانٹ پر حملے کو بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی اور علاقائی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا۔ متحدہ عرب امارات نے اس موقع پر آئی اے ای اے کے ''سیون ان ایلیمنٹس'' برائے جوہری تحفظ پر مکمل عملدرآمد کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ وہ عالمی ادارے کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ یہ دور 1976 سے جاری یو اے ای اور آئی اے ای اے کے دیرینہ تعلقات کا حصہ ہے، جو 2008 میں جوہری توانائی پروگرام کے آغاز کے بعد مزید مضبوط ہوا۔

☆☆☆